سندیافتگی کے مطلوبات

2017 میں گریڈ 9 میں داخل ہونے والے طلبا کے لیے

کریڈٹ کے مطلوبات

مقامی، ریجنٹس، اور ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ

طالب علم کے لیے پشت پر درج مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے اور اس کے علاوہ، ایک مقامی، ریجنٹس یا ایڈوانسڈ ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل کریڈٹ حاصل کرنا لازمی ہے۔ تمام قسم کے ڈپلومہ کی مطلوبات ایک جیسی ہیں، موسوا ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ کے جس کی وضاحت ذیل میں ہے۔

کم از کم مطلوبات[1]	
فنون انگریزی زبان (ELA)	8
معاشرتی علوم **ذیل کی تقسیم کے ساتھ:** **عالمی تاریخ (4)** **ریاستہائے متحدہ تاریخ (2)** **حکومت میں شرکت (1)** **معاشیات (1)**	8
ریاضی **بشمول ایڈوانسڈ ریاضی (مثلاً جیومیٹری یا الجبرا II) کے کم از کم 2 کریڈٹس**	6
سائنس (بشمول لیبز کے) ***ذیل کی تقسیم کے ساتھ:*** **حیاتی سائنس (2)** **طبیعاتی سائنس (2)** **حیاتی یا طبیعاتی سائنس (2)**	6
انگریزی کے علاوہ دوسری زبانیں (LOTE)[2]	6) 2 ایڈوانسڈ ریجنٹس کے لیے)[3]
بصری فنون، موسیقی، رقص، اور / یا تھیٹر	2
جسمانی تعلیم **ہر سال، خاص پیٹرنز میں تقسیم کیا جاتا ہے**	4
صحت	1
اختیاری	7 (ایڈوانسڈ ریجنٹس کے لیے 3)
کُل	**44**

کالج اور طرز معاش کی مستعدی کی جانب

طلبا کے لیے ڈپلومہ کے ساتھ سندیافتہ ہونے کے لیے بائیں جانب درج کورسز اور کریڈٹ مطلوب ہیں، لیکن ایک طالب علم کی کالج اور طرزش معاش کی حقیقی مستعدی کے لیے اضافی کورسز اور تجربات درکار ہو سکتے ہیں۔ ذیل میں درج کورسز اور تجربات طلبا کی ہائی اسکول سے کالج یا ملازمت میں منتقل ہونے کی تیاری میں مدد کریں گے۔

کورسز جو کالج اور طرزِ معاش کی مستعدی میں مدد دیتے ہیں	
ریاضی: ریجنٹس سطح کے 8 کریڈٹس، بشمول ایک سلسلے کے جس میں کم از کم ذیل شامل ہوں: ✓ الجبرا I ✓ جیومیٹری ✓ الجبرا II	**ایڈوانسڈ کورسز** ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (AP) کورسز انٹرنیشنل بیچلریٹ (IB) کورسز
سائنس: 8 ریجنٹس سطح کے کریڈٹس، بشمول ایک سلسلے کے جس میں ذیل میں سے کم از کم تین کورسز شامل ہوں: ✓ حیاتیاتی ماحول ✓ کیمیا ✓ طبیعات ✓ ایک AP سائنس کورس	کالج کریڈٹ کے لیے کورسز جیسے کہ: ✓ کالج ناو ✓ کیونی ارلی کالج

متبادل ایکزٹنگ اسناد

فی الوقت دو اسناد دستیاب ہیں: CDOS کمیسمنٹ کریڈینشل اور اسکلز اینڈ اچیوٗمنٹ کمینسمنٹ کریڈنشل کی مزید وضاحت ذیل میں کی گئی ہے۔ متبادل ایکزٹنگ اسناد ***ایک ہائی اسکول ڈپلومہ کے مساوی نہیں ہیں۔*** جو طلبا یہ اسناد موصول کرتے ہیں وہ اسکول میں شرکت جاری رکھنے کے اہل ہیں جب تک کہ وہ ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرلیں یا اس اسکولی سال کے آخر تک جس میں وہ 21 سال کے ہوجائیں (جو بھی پہلے واقع ہو)۔ یہ اسناد تعلیم کے کم از کم 12سال مکمل کرنے کے بعد ہی عطا کی جاسکتی ہیں، کنڈرگارٹن کو نکال کر۔ ان اسناد کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، طلبا کو اپنے اسکولوں سے معلومات کرنی چاہیئے۔

کیرئر ڈولپمنٹ اینڈ آکوپیشنل اسٹیڈیز (CDOS) کمیسمنٹ کریڈنشل	**اسکلز اینڈ اچیوٗمنٹ کمینسمنٹ کریڈنشل**
CDOS تعلیمی معیارات کی مہارت کے ذریعے طالب علم کے ابتدائی سطح کے کام کے لیے مستعدی کو تسلیم کرتا ہے۔ طلبا ایک کرئیر پلان، ملازمتی خاکہ اور طرز معاش کی مستعدی کے تجربات کے 216 گھنٹے بشمول اسکولی اعانت کے ساتھ ملازمت پر مبنی آموزش کے 54 گھنٹے مکمل کرنے پر یہ سند موصول کرسکتے ہیں۔ اس کریڈنشل کو ایک ڈپلومہ کے بطور ایک تصدیق یا بطور ایک واحد اخراجی سند کے طور پر یا بطور +1 انتخاب کے (مزید معلومات کے لیے اس صفحے کی پشت پر دیکھیں)۔	یہ طلبا کی تعلیمات، طرزِ معاش کے فروغ اور اسکول بعد زندگی، تعلیم اور کام کے لیے درکار دیگر بنیادوں میں طلبا کی صلاحیتوں اور کامیابیوں کو تسلیم کرتا ہے۔ یہ سند شدید ادراکی معذوری کے حامل ان طلبا کو دستیاب ہے جو نیویارک ریاست متبادل تشخیص (NYSAA) میں حصہ لیتے ہیں۔

1 ریاستی منظور کردہ طرزِ معاش اور تکنیکی تعلیم (CTE) سلسلوں کے لیے مطلوبہ کریڈٹ کی تعداد مخصوص تعلیمی پروگرام کے اعتبار سے مختلف ہوسکتی ہے۔ اس لئے طلبا سے CTE تصدیق کے ساتھ سندیافتہ ہونے کے لیے کُل 44 سے زیادہ کریڈٹ حاصل کرنے کا مطالبہ کیا جاسکتا ہے۔ CTE پروگراموں میں طلبا کو اپنے اسکول سے ان مطلوبات کے بارے میں پوچھنا چاہیئے۔

2 ایک طالب علم جسکا IEP ایک معذوری کی نشاندہی کرتا ہے جو اسکی کوئی زبان سیکھنے کی قابلیت کو انتہائی متاثر کرتی ہے، اسے LOTE مطلوبات سے مستثنی قرار دیا جاسکتا ہے لیکن پھر بھی اس کے لیے کُل 44 کریڈٹ حاصل کرنا لازمی ہے۔

3 ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ کے لیے فنون یا CTE تصدیقات مکمل کرنے والے طلبا سے LOTE کے صرف 2 کریڈٹس مکمل کرنا مطلوب ہے۔ ان تصدیقات کے متعلق مزید معلومات پشت پر ملاحظہ کریں۔

امتحان کے مطلوبات →

NYSED ضابطے کا خلاصہ مورخہ اپریل 2017

Department of Education

امتحان کی مطلوبات

سندیافتگی کی مطلوبات

2017 میں گریڈ 9 میں داخل ہونے والے طلبا کے لیے

ڈپلومہ کی قسم	مقامی (صرف اہل طلبا کے لیے)[4]	ریجنٹس	ایڈوانسڈ ریجنٹس
طلبا کے لیے اس صفحے کی پشت پر درج کریڈٹ کی مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے، اور اس کے علاوہ، ایک مقامی، ریجنٹس یا ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ موصول کرنے کے لیے ذیل امتحانات میں پاس کرنے والا اسکور حاصل کرنا لازمی ہے۔ مقامی ڈپلومہ صرف ان طلبا کے لیے دستیاب ہے جو سیفٹی نیٹ کی اہلیت رکھتے ہیں یا ان کی مخصوص اپیلوں کو منظور کر لیا گیا ہے۔[4] مطلوبہ اسکور اور امتحانات طالب علم کے حاصل کیے جانے والے ڈپلومہ کی قسم کی بنیاد پر مختلف ہو سکتے ہیں۔			
ریجنٹس امتحان[5]	**کم سے کم مطلوبات**		
فنون انگریزی زبان (ELA)	+55	+65	+65
معاشرتی علوم • **ریاستہائے متحدہ تاریخ یا** • **عالمی تاریخ اور جغرافیہ**	ایک معاشرتی علوم امتحان میں +55	ایک معاشرتی علوم امتحان میں 65	ایک معاشرتی علوم امتحان میں 65
ریاضی • **الجبرا I** • **جیومیٹری، یا** • **الجبرا II**	ایک ریاضی امتحان میں +55	ایک ریاضی امتحان میں +65	تمام تین ریاضی امتحانات میں +65
سائنس • **حیاتیاتی ماحول** • **ارضی سائنس،** • **علم کیمیا، یا** • **طبیعات**	ایک سائنس امتحان میں +55	ایک سائنس امتحان میں +65	+65 حیاتی ماحولیات میں اور ایک دوسرے سائنس امتحان میں
انگریزی کے علاوہ دوسری زبان (LOTE)	مطلوب نہیں ہے	مطلوب نہیں ہے	NYC LOTE ایک +65 امتحان میں[6]
1+ انتخاب[5]	کسی ایک اضافی ریجنٹس امتحان میں +55 یا ریاستی منظور کردہ +1 انتخاب	کسی ایک اضافی ریجنٹس امتحان میں 65 یا ریاستی منظور کردہ +1 انتخاب	کسی ایک اضافی ریجنٹس امتحان میں 65 یا ریاستی منظور کردہ +1 انتخاب

کالج اور طرزِ معاش کی مستعدی کی جانب

طلبا کے لیے ایک ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے بائیں جانب درج امتحانات مطلوب ہیں، لیکن ان امتحانات میں اونچی سطح کے اسکورز حاصل کرنے، اضافی امتحانات لینے، اور ڈپلومہ کی تصدیقات حاصل کرنے سے طالب علم کی کالج یا ملازمت میں کامیاب منتقلی میں مدد ملے گی۔ مطالعے، تحریر اور ریاضی میں ذیل کے کوئی بھی اسکور حاصل کرنے سے طالب علم کو CUNY کے اصلاحی کورسز سے اجتناب کرنے میں مدد ملے گی۔

حصولیابیاں جو کالج اور طرزِ معاش کے لیے مستعدی میں مدد دیتی ہیں

مطالعہ اور تحریر

- ✓ انگریزی ریجنٹس امتحان میں +75 کا اسکور
- ✓ SAT تنقیدی سوچ مطالعہ، زبانی I، یا ثبوت پر مبنی مطالعہ اور مطالعہ میں +480 کا اسکور
- ✓ ACT انگریزی میں +20 کا اسکور
- ✓ CUNY تشخیصات میں پاس کرنے والا اسکور

ریاضی:

- ✓ کسی بھی ریاضی ریجنٹس امتحان میں +80 کا اسکور اور الجبرا II /ٹرگنامیٹری یا ایک اونچی سطح کے ریاضی کورس میں پاس کرنے والا اسکور
- ✓ کامن کور سے ہم آہنگ الجبرا I یا جیومیٹری امتحان میں +70 کا اسکور یا الجبرا II /ٹرگنامیٹری امتحان میں +65 کا اسکور
- ✓ ریاضی SAT میں +500 کا اسکور یا SAT کے ریاضی کے حصے میں (مارچ 2016 یا اس کے بعد) +530 اسکور
- ✓ ACT ریاضی میں +21 کا اسکور
- ✓ CUNY تشخیصات میں پاس کرنے والا اسکور

دیگر حصولیابیاں

- ✓ کسی بھی ایڈوانسڈ پلیسمنٹ (AP) امتحان میں +3 اسکور حاصل کرنا
- ✓ کسی بھی انٹرنیشنل بیچلریٹ (IB) امتحان میں +4 اسکور کریں
- ✓ ایک کالج کریڈٹ حاصل کرنے والا کورس "C" یا اس سے متجاوز سے پاس کریں
- ✓ ایک ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ حاصل کریں
- ✓ ایک CTE ڈپلومہ تصدیق حاصل کریں اور / یا لائسنس اور / یا سرٹیفیکیشن کے لیے ایک صنعتی تسلیم شدہ تکنیکی تشخیص پاس کریں
- ✓ ایک فنون ڈپلومہ تصدیق حاصل کریں

ڈپلومہ تصدیقات

طلبا ڈپلومہ تصدیقات حاصل کرسکتے ہیں جو اضافی کورسز اور امتحانات کی کامیاب تکمیل کو تسلیم کرتا ہے۔ طلبا کو اپنے اسکول سے پوچھنا چاہیئے کہ اگر یہ مندرجہ ذیل میں کسی تصدیقات کے لیے اہلیت رکھتے ہیں: فنون تصدیق، دو زبانوں میں لکھنے پڑھنے کی مہر، CDOS تصدیق، CTE تصدیق، آنرز نامزدگی، ریاضی میں مہارت، سائنس میں مہارت اور خدمات کی مہر۔

[4] کچھ طلبا، بشمول معذوری کے حامل طلبا کے پاس سندیافتگی کی مطلوبات کی تکمیل کرنے کے لیے اضافی انتخابات ہو سکتے ہیں۔ یہ طلبا مقامی ڈپلومہ کے اہل ہو سکتے ہیں جو ان کو امتحان کے کم تر اسکور کے ساتھ سندیافتہ ہونے کی اجازت دیتا ہے۔ طلبا اور اہل خانہ کو اپنے انتخابات کے بارے میں اسکول سے بات چیت کرنی چاہیئے۔

[5] نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم کے ذریعے منظورکردہ دیگر تشخیصات اور تعلیمی تجربات +1انتخاب کی تکمیل کر سکتے ہیں یا ایک ریجنٹس امتحان کی جگہ لے سکتے ہیں۔ طلبا کو اپنے اسکولوں سے ان انتخابات کی دستیابی کے بارے میں پوچھنا چاہیئے، بشمول کیریئر ڈولپمنٹ اینڈ آکوپیشنل اسٹڈیز (1+ CDOS) انتخاب کے۔ CDOS+1 انتخاب استعمال کرنے والے طلبا کے لیے ایک کیریئر پلان، ملازمتی خاکہ اور طرز معاش کی مستعدی کے تجربات کے 216 گھنٹے مکمل کرنا لازمی ہے، جس میں اسکولی مدد کے ساتھ ملازمت پر مبنی آموزش کے 54 گھنٹوں کا شامل ہونا لازمی ہے۔

[6] ایڈوانسڈ ریجنٹس ڈپلومہ کی جانب ایک فنون یا CTE تصدیق مکمل کرنے والے طالب علم سے LOTE امتحان لینا مطلوب نہیں ہے۔ اسی طرح، معذوری کے حامل وہ طلبا جن کے IEP ایک ایسی معذوری کی نشاندہی کرتے ہیں جو انکی ایک زبان سیکھنے کی اہلیت کو متاثر کرتی ہے، ان سے ایک ایڈوانسڈ ڈپلومہ حاصل کرنے کے لیے LOTE امتحان لینا مطلوب نہیں ہے۔

کریڈٹ کے مطلوبات ←

NYSED ضابطے کا خلاصہ مورخہ اپریل 2017